21792-قرآن کریم والے موبائل سیٹ بیت الخلاء میں لے جانا

سوال

ان آخری دنوں میں مارکیٹ کے اندرایسے الیکٹرانک آلات اور موبائل سیٹ آچکے ہیں جن میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ ہوسکتی ہے توان آلات کو بیت الخلاء میں لے جانے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

ان موبائل سیٹوں اورآلات کو بیت الخلاء میں لے جانا حرام نہیں کیونکہ یہ مصحف اور قرآن کریم کے احکام میں نہیں آتے ، اگرچہ ان میں قرآن کریم باآواز ہی ریکارڈ کیوں نہ ہو اس لیے کہ وہ آواز مخفی اورچھپی ہوئی ہے جو کہ ظاہر نہیں اور نہ ہی اس کی کتابت ظاہر ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .